نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

گندم کی کاشت اوراس کے پیداواری ہدف کے حصول کے لئے پرعزم ہیں اورحکومت پنجاب کاشتکاروں کو تمام ممکنہ وسائل فراہم کرنے کے لئے ہرممکن اقدامات کررہی ہے

زرعی ترقی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے جس کے لئے وزیراعظم پاکستان کے وژن اوروزیراعلیٰ پنجاب کی زیرقیادت زرعی پیداوار میں اضافہ کے لئے کاشتکاروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں،

سید حسین جہانیاں گردیزی صوبائی وزیرزراعت پنجاب

لاہور28اکتوبر2021: گندم کی کاشت اوراس کے پیداواری ہدف کے حصول کے لئے پرعزم ہیں اورحکومت پنجاب کاشتکاروں کو تمام ممکنہ وسائل فراہم کرنے کے لئے ہرممکن اقدامات کررہی ہے۔زرعی ترقی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے جس کے لئے وزیراعظم پاکستان کے وژن اوروزیراعلیٰ پنجاب کی زیرقیادت زرعی پیداوار میں اضافہ کے لئے کاشتکاروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔گندم کی فصل ملکی فوڈسیکیورٹی میں کلیدی کردار کی حامل ہے۔ملک میں گندم کی مجموعی پیداوار میں صوبہ پنجاب کا حصہ 76 فیصد ہے۔امسال صوبہ پنجاب کے لئے گندم کا پیداواری ہدف2 کروڑ20لاکھ ملین ٹن مقرر کیا گیا ہے جسے یقینی بنانے کے لئے گندم کے کاشتکار منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں۔گندم کی زیادہ پیداوار کے لئے جاری مہم کو کامیاب بنانے کے لئے کاشتکاروں کی عملی شرکت لازمی ہے اوراس مقصد کے لئے محکمہ زراعت کا عملہ ان کے شانہ بشانہ شریک ہوگا ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ضلع ساہیوال میں محکمہ زراعت اورنجی کمپنی کے تعاون سے منعقدہ کسان کنونشن برائے فصلات ربیع 22-2021 کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔صوبائی وزیرزراعت نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی کے تحت 12 ارب 59 کروڑ روپے کی لاگت سے گندم کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ پر عملدرآمد جاری ہے اورامسال اس پروگرام کے تحت کاشتکاروں کو 10 لاکھ منظور شدہ اقسام کے بیج کے تھیلے، جڑی بوٹی مار زہریں اور جدید زرعی مشینری سبسڈی پر فراہم کی جائے گی تاکہ گندم کے پیداواری ہدف کو یقینی بنایا جاسکے۔صوبائی وزیرزراعت نے مزید کہا کہ حکومت کی کسان دوست پالیسیوں اورکاشتکار بھائیوں کی محنت کے باعث صوبہ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ گندم کی 2 کروڑ9لاکھ میٹرک ٹن پیداوار حاصل ہوئی اوراس کی کاشتکاروں کواچھی قیمت بھی یقینی بنائی گئی۔امسال بھی کاشتکار گندم کی کاشت زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کریں۔انشاءاللہ امسال بھی کاشتکاروں کوگندم کی بہتر قیمت ملے گی اورحکومت ان سے ایک ایک دانہ خریدکرے گی۔اس موقع پرڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب ڈاکٹرمحمدانجم علی نے کہا کہ محکمہ زراعت کاشتکاروں کی فنی رہنمائی میں مصروف عمل ہے اور کاشتکاروں کوگندم کی جدید ٹیکنالوجی بارے تربیتی پروگراموں کا سلسلہ جاری ہے۔ڈویژن اورضلع سطح پر میگا فارمرز کنونشن /سیمینارز کا انعقاد کیا جارہاہے اورمحکمہ زراعت پرعزم ہے کہ اس سال بھی پیداواری ہدف سے زائد گندم حاصل کریں گے۔ٹیکنیکل ہیڈ فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی نصیراللہ خان نے کہا کہ کھادوں کے متناسب استعمال سے گندم کی اوسط پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کیا جاسکتا ہے۔اس موقع پرفیصل جلال ڈھکوں رہنما پی ٹی آئی ساہیوال، شاہد حسین ڈائریکٹرایگریکلچرایکسٹینشن ساہیوال ڈویژن، سیداعجازالحسن ڈائریکٹر پوٹیٹوریسرچ انسٹی ٹیوٹ ساہیوال، اسرارمحبوب ڈائریکٹرایم ایم آرآئی یوسف والا، نوید عصمت کاہلوں ایگریکلچرل پبلیکیشنز آفیسر زرعی اطلاعات پنجاب، رانا حبیب الرحمٰن ڈپٹی ڈائریکٹرایگریکلچرایکسٹینشن ساہیوال اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے کسان کنونشن میں شرکت کی۔

☆☆☆